حیسکو پریس ریلیز مورخہ 05.10.2026

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری و دیگر افسران کی کھائی روڈ ٹرانسفارمر حادثے میں جاں بحق ہونے والے فیضان حسین کے لواحقین سے کھائی روڈ پہنچ کر فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی۔ حیسکو ترجمان



حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری و دیگر افسران نے مورخہ 26 ستمبر 2026ء کو کھائی روڈ پر ٹرانسفارمر میں دھماکے اور آگ لگنے کے افسوسناک واقعے میں جاں بحق ہونے والے فیضان حسین کے لواحقین سے کھائی روڈ پہنچ کر اہلِ خانہ سے تعزیت اور دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی، جبکہ سوگوار خاندان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے مرحوم کے اہلِ خانہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ”ہمیں دلی افسوس ہے کہ اس ناگہانی حادثے میں آپ کے بھائی وفات پا گئے۔ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ اس حادثے میں جو بھی ملازم ملوث پایا گیا، اس کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ ادارے کی پالیسی کے تحت جاں بحق ہونے والے پبلک مین کے لواحقین کو معاوضہ بھی حیسکو انتظامیہ کی جانب سے ادا کیا جائے گا۔ ہم اس دکھ کی گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں اور آپ کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔“ مرحوم فیضان نے پسماندگان میں بیوہ اور تین کمسن بچے چھوڑے ہیں، جن میں زیان حسین، عمر 8 سال، ذوہان حسین، عمر 6 سال، اورزدان حسین، عمر 5 ماہ شامل ہیں۔ اس موقع پر مرحوم کے بھائیوں میں اظہر حسین، دانش حسین، غضنفر حسین، مصطفیٰ حسین سمیت اہلِ خانہ بھی موجود تھے۔ جبکہ مذہبی، سماجی اور تاجر رہنماؤں بھی موجود تھے جس میں قاری احمد علی سعیدی سنجرانی، مفتی محمد عرفان قادری، عابد قادری ڈویژنل صدر سنی تحریک، تاجر رہنما تقی محمد شیخ، شہباز قادری، سجاد اور سماجی رہنما جنید ڈاہری جبکہ حیسکو کی جانب سے حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن پھلیلی ذوہیب شیروانی، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن میمن طاہر حبیب، ایس ڈی او/کوآرڈینیٹر ولید اچانڈیو اور ڈپٹی ڈائریکٹر (پبلک ریلشنز) محمد صادق کبر بھی موجود تھے۔ حیسکو ترجمان